BANNED PUBLICATIONS OF PAKISTAN | مرتبہ: ممتاز الاسلام

ناشر: بیورو آف ببلوگرافی اینڈ ریفرنس کراچی - صفحات: ۱۷ قیمت درج نہیں۔

اس کتابچے میں ان کتابوں کی فہرست دی گئی ہے۔ جنہیں پاکستان کی صوبائی حکومتوں نے پریس اینڈ پبلی کیشنز آرڈی ننس مجریہ ۱۹۶۳ء کے تحت ۱۹۸۱ء تا ۱۹۸۶ء کے چھ برسوں کے دوران میں ضبط کیا ہے۔ اس میں ۴۳ کتابچوں ۲ ہینڈ بلوں، دو ورقوں اور ۵۴ مختلف جرائد کے بہت سے شماروں کی تفصیل درج ہے جنہیں ضبط کیا گیا تھا اور یہ معلوماتی کتابچہ پاکستانی اخبارات کی مدد سے مرتب کیا گیا ہے۔ یہ ایک نئی طرز کی بہت اچھی کوشش ہے۔

ماہنامہ "افکار ملی" | ایڈیٹر: ڈاکٹر سید قاسم رسول الیاس - پتہ دفتر ۱۵۳/۲۲ ای ذاکر نگر، جامعہ نگر، نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵ -

دہلی (بھارت) سے شائع ہونے والا یہ ماہنامہ ایک مکمل جریدہ ہے جس میں ہر قسم کی ملکی اور غیر ملکی خبریں، تبصرے، تنقید اور معلوماتی مضامین شامل ہیں۔ ہمارے سامنے دسمبر ۱۹۹۰ء کا شمارہ ہے۔ جو ہر شعبہ زندگی سے متعلق جامع تحریروں پر مشتمل ہے۔ زر تعاون فی شمارہ ۷/- روپے اور سالانہ ۷۰/- روپے ہے۔